# 12-01-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کی ترقی کے لئے جب کبھی ضروری ہوا اپوزیشن جماعتوں کا ساتھ مانگا جائے گا۔

۲۔بی سی ویلفیر کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ اس مہینہ کی 16 اور 20 تاریخ کے درمیان فیلڈ سطح پر جانچ کے عمل کے دوران نئے راشن کارڈس کے استفادہ کنندوں کی نشاندہی کی جائے گی۔

۳۔مرکزی وزیر کشن ریڈی منگل سے ریاض میں ہونے والے فیوچر منرل فورم راؤنڈ ٹیبل وزارتی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

اور

۴۔سوامی وویکانندا کا جنم دن آج نوجوانوں کے قومی دن کے طور پر منایا گیا۔

OO

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لئے کوششیں کی جارہی ہیں۔وزیراعلیٰ نے آج حیدرآباد میں سابق گورنر سی ایچ ودیا ساگر راؤ کی خودنوشت سوانح حیات Unika کی رسم اجرا انجام دی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاستوں کی ترقی مرکز حکومت کے تعاون کے ساتھ ہی مکمل ہوگی۔وزیراعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ ریاست کی ترقی کے لئے جب کبھی ضروری ہوگا اپوزیشن جماعتوں کا ساتھ مانگا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ریاست کے لئے سی ایچ ودیا ساگر راؤ کا تجربہ قابل قدر ہے۔ ہریانہ کے گورنر بنڈارو دتاتریا،اوڈیشہ کے گورنر کے ہری بابو،مرکزی وزیر بنڈی سنجے،ریاستی وزیر سری دھر بابو،پونم پربھاکر اور بی جے پی رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر کے لکشمن اور دوسروں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

OO

حیدرآباد میں کل سے پریڈ گراؤنڈ سکندرآباد میں تین دن کے پتنگوں کے عالمی تہوار سے پہلے ٹرافک پابندیاں لگائی گئی ہیں۔ریاست کا محکمہ سیاحت وتہذیب اِس پروگرام کا اہتمام کررہا ہے جس میں قومی اور عالمی پتنگ بازوں کو بلایا گیا ہے۔انڈونیشیاء،سوئزرلینڈ،آسٹریلیا،سری لنکا،کینڈا،کمبوڈیا، تھائی لینڈ،کوریا،فلپائن، ویتنام،ملیشیاء،اٹلی،تائیوان،جنوبی آفریقہ اور نیدرلینڈ سمیت کئی ملکوں سے پتنگوں کا شوق رکھنے والے اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

OO

سمکیات،انیملی ہسبنڈری اور ڈیری کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ کل پونے میں میگا انٹرپرونرشپ ڈیولپمنٹ کانکلیو کا افتتاح کریں گے۔اس پروگرام کے دوران وہ 545 کروڑ روپے سے زیادہ کے 40 مویشی پراجکٹس کا افتتاح کریں گے۔اس کانکلیو کا مقصد مویشیوں کے شعبہ سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لئے پالیسی سازوں،فیڈریشنس،کوآپریٹیوس،انڈسٹری اسوسی ایشن،تاجروں اور مالیاتی اداروں کو یکجا کرنا ہے۔ یہ پلیٹ فارم ہے جس میں فریق اس شعبہ کو آگے بڑھانے کے لئے چالنجز پرغور کریں گے۔مسائل کا حل تلاش کریں گے اور انٹرپرونرشپ کو بڑھاوا دیں گے۔

○○

حیدرآباد۔ وجئے واڑہ شاہراہ پر آج مسلسل تیسرے دن ٹرافک جام دیکھا گیا کیونکہ حیدرآباد اور آس پاس کے علاقوں سے ہزاروں خاندان سنکرانتی کے لئے تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں اپنے آبائی مقامات کو جارہے ہیں۔ حیدرآباد اور سکندرآباد میں بس اسٹیشنس اور ریلوے اسٹیشنس مسافروں سے کھچا کھچ بھرے ہوئے ہیں۔ حیدرآباد۔ وجئے واڑہ ہائی وے پر واقع ٹال پلازاس میں کاروں، بسوں اور دوسری ٹرانسپورٹ گاڑیوں کی قطاریں لگی ہوئی ہیں۔ عہدیداروں نے اس صورتحال سے نمٹنے کے لئے خاص قدم اٹھائے ہیں۔ یادادری بھونگیر ضلع میں چوٹ اپل کے قریب قومی شاہراہ 65 پر پنتھنگی ٹال پلازہ میں بھی زبردست رش دیکھا گیا۔ اس رش کے مدنظر عہدیداروں نے اضافی گیٹس کھول دئے ہیں۔ 12 گیٹس کے ذریعہ گاڑیوں کو آندھرا پردیش کی طرف جانے کی اجازت دی جارہی ہے۔ آندھرا پردیش سے حیدرآباد آنے والی گاڑیوں کے لئے چار گیٹس کام کررہے ہیں۔

○○

تلنگانہ حکومت 26 جنوری سے نئے راشن کارڈس جاری کرنے کا عمل شروع کرے گی۔ ریاست کے وزیر ٹرانسپورٹ و پسماندہ طبقات پونم پربھاکر نے آج حیدرآباد میں عہدیداروں سے ملاقات کے بعد میڈیا کو بتایا کہ 16 اور 20 جنوری کے درمیان فیلڈ پر جانچ کے عمل کے دوران استفادہ کنندوں کی پہچان کی جائے گی۔ 21 جنوری سے استفادہ کنندوں کا ڈیٹا درج کیا جائے گا اور 26 جنوری سے نئے راشن کارڈس جاری کئے جائیں گے۔ حکومت نے نئے راشن کارڈس جاری کرنے کے لئے کوئی نیا پیمانہ نہیں اپنایا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ضلعوں سے حیدرآباد نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کو بھی راشن کارڈس جاری کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں زمین رکھنے والوں کو اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے تحت اہمیت دی جائے گی تاکہ گھر بنانے میں ان کی مدد کی جاسکے۔ وزیر نے کہا کہ حکومت ان ڈبل بیڈروم گھروں کو مکمل کرے گی جن کی تعمیر پچھلی حکومت نے شروع کی تھی۔

○○

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے آج ناگر کرنول ضلع میں کئی ترقیاتی پروگراموں میں حصہ لیا۔ انہوں نے بجنے پلی منڈل کے گاؤں سین پلی میں 76 کروڑ روپے کے خرچ سے تعمیر مارکنڈیا لفٹ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے ناگر کرنول منڈل کے سری پورم اور گنیا گولا، تاڈور و منڈل کے اندرا کال، بجنا پلی منڈل کے پالم، تماجی پیٹ منڈل کے پوتی ریڈی پلی میں 33/11kv پاور سب اسٹیشن کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔ سیاحت، تہذیب اور آبکاری کے وزیر جو پلی کرشنا راؤ، رکن پارلیمنٹ ملوروی اور دوسرے عوامی نمائندوں نے اس پروگرام میں حصہ لیا۔ بعد میں ضلع ہیڈکوارٹرس میں ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ اگلے پانچ برسوں میں متحدہ ضلع محبوب نگر کو مکمل ترقی دی جائے گی۔

○○

گولکنڈہ حیدرآباد میں کل فوجی ہاسپٹل گولکنڈہ کے تحت میڈیکل آؤٹ ریچ کیمپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر سابق فوجیوں کا الگ الگ بیماریوں کے لئے مفت علاج کیا گیا۔ ایک اندازہ کے مطابق 350 سابق فوجیوں اور ان کے گھر والوں نے اس کیمپ سے فائدہ اٹھایا۔

OO

آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر بی سری دھر بابو نے نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ چیالنجوں کا سامنا کرنے کے لئے مضبوط رہیں۔ حیدرآباد میں آج نوجوانوں کے قومی دن کے موقع پر راما کرشنا مٹ میں ہونے والے ایک پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ آج کئی نوجوان چھوٹی چھوٹی رکاوٹوں کی وجہ سے ہار مان رہے ہیں۔ ایک چھوٹی ناکامی سے وہ اپنی صلاحیتوں پر شبہ کرر ہے ہیں۔ یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ ناکامیاں، کامیابیوں کی سیڑھیاں ہوتی ہیں۔ جیت ان لوگوں کی ہوتی ہے جو اٹوٹ ارادوں کے ساتھ چیالنجوں کا سامنا کرتے ہیں۔ اگر نوجوان اپنے مقصد پر نظر رکھیں تو ایسا کچھ نہیں ہے جو وہ حاصل نہیں کر سکتے۔ وزیر نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور ان میں قومی فخر پیدا کرنے کے لئے راما کرشنا مٹ کی کوششوں کی تعریف کی۔

OO

بھٹی وکرامار کا نے یقین دلایا کہ پلاموور نگار یڈی لفٹ اریگیشن پراجکٹ مکمل کیا جائے گا اور 12 لاکھ ایکر زمین کو پانی پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اچم پیٹ حلقہ کے اوما مہیشورا اور چنا کیشو الفٹ اریگیشن پراجکٹ کو مکمل کیا جائے گا۔

OO

حیدرآباد میں میٹرو کی توسیع کے دوسرے مرحلہ کے تحت آج حیدرآباد میٹرو ریل کارپوریشن نے ایکس پرایل بی نگر سے حیات نگر تک روٹ میاپ جاری کیا۔ 7.1 کلومیٹر کی اس راہ داری میں ایل بی نگر، چنتل کنٹہ، ونستھلی پورم، آٹو پورم، لکچررس کالونی، آر ٹی سی کالونی اور حیات نگر اسٹیشنس شامل ہیں۔

OO

مرکزی وزیر کشن ریڈی سعودی عرب کے دارالحکومت میں ہونے والی فیوچر منرل فورمس وزارتی گول میز کانفرنس میں حصہ لینے کے لئے کل ریاض جائیں گے۔ ٹوورڈس گرانڈ اگریمنٹ کے تھیم کے تحت ریاض میں یہ کانفرنس 14 تاریخ سے تین دن تک ہوگی۔ اس بات چیت میں معدنی وسائل کی ترقی پر خاص توجہ دی جائے گی۔ کشن ریڈی اس موقع پر الگ الگ ملکوں کے کوئلہ اور کانکنی وزیروں کے ساتھ آپسی ملاقاتیں بھی کریں گے۔

OO

سوامی وویکانندا کے جنم کو آج نوجوانوں کے قومی دن کے طور پر منایا جارہا ہے۔ 162 ویں جنم دن کے موقع پر لوگوں نے الگ الگ مقامات پر ان کے مجسموں اور تصویروں کی گلپوشی کی اور ان کی تعلیمات کو یاد کیا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میں اپنے رہائش گاہ پر وویکانند کے پوٹریٹ پر پھول چڑھاتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ یدادری بھونگیر کے ضلع ہیڈکوارٹرس میں رکن اسمبلی انیل کمار ریڈی نے سوامی وویکانند کے مجسمہ کی گلپوشی کی۔ راجنا سرسلہ ضلع کے تمام منڈلوں میں سوامی وویکانند کی یوم پیدائش تقریب منائی جارہی ہے۔ الگ الگ سیاسی جماعتوں اور نوجوانوں کی تنظیموں کے قائدین نے سوامی وویکانند کی تصویروں پر پھول چڑھائے۔ میدک میں ضلع کلکٹر راہول راج نے نوجوانوں کے معاملات اور کھیلوں کے محکمہ کی طرف سے رکھی گئی تقریب میں شرکت کی۔ سنگاریڈی میں بی جے پی کے ضلع صدر گوداوری انجی ریڈی اور گریجویٹ حلقہ کے ایم ایل سی امیدوار ڈاکٹر سی انجی ریڈی نے وویکانند کے مجسمہ کو پھول چڑھائے۔ نرمل ضلع میں نوجوانوں کے معاملات کے عہدیدار سریکانت ریڈی نے ضلع ہیڈکوارٹر میں وویکانند کے مجسمہ کی گلپوشی کی۔

○○

آبپاشی کے وزیر اتم کمار ریڈی نے آج نریڈو چرلہ ٹاؤن اور سوریہ پیٹ ضلع کے آس پاس کے علاقوں میں 18.57 کروڑ روپے کے ترقیاتی کاموں کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ نریڈو چرلہ منڈل کو تمام شعبوں میں ترقی دینے کے لئے کوششیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گڈی پلی میں 300 کروڑ روپے کے بجٹ سے انٹی گریٹیڈ اسکول کی تعمیر شروع ہوچکی ہے۔ انہوں نے نریڈو چرلہ میں شادی خانہ کی تعمیر کے لئے 75 لاکھ روپے جاری کرنے کا اعلان کیا۔

○○

ریاستی حکومت نے رعیتو بھروسہ اسکیم 2025ء کے لئے رہنمایانہ ہدایات جاری کی ہیں۔ کسانوں کے معاملات پر کھلے پن کو یقینی بنانے کے لئے تلگو میں حکم جاری کئے گئے ہیں۔ حکومت نے اعلان کیا کہ اس مہینہ کی 26 تاریخ سے اس اسکیم پر عمل کیا جائے گا اور فی ایکر 12 ہزار روپے کی سالانہ مددد ی جائے گی۔ حکومت نے صفائی دی کہ دھرانی پورٹل میں درج زرعی زمین کی بنیاد پر مدد دی جائے گی اور غیر زرعی زمین کو اسکیم سے الگ رکھا جائے گا۔ حکومت نے یہ بھی کہا کہ جنگلاتی حقوق قانون کے تحت آر او ایف آر ٹائٹل رکھنے والے رعیتو بھروسہ اسکیم کے لئے اہل ہوں گے۔ نیشنل انفورمیٹک سنٹر اس اسکیم پر عمل کے لئے آئی ٹی پارٹنر کی حیثیت سے کام کرے گا اور محکمہ زراعت کے ڈائرکٹر اس کی نگرانی کریں گے۔ ضلع کلکٹرس اپنے اپنے ضلعوں میں اسکیم پر عمل آوری اور مسائل حل کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔

○○